© rasailojaraid.com

- امریکہ کے ساتھ دوستی اور دل میں نرم گوشہ رکھنے والے سیاستدانوں اور اُن کی جماعتوں کی سیاست اور مستقبل کو عبرت ناک بنایا جائے گا۔
- نیٹو سپلائی بحال کرنے کے لئے پارلیمنٹ کے جن ممبران نے قرارداد کے حق میں ووٹ دیا اُن کے ساتھ دشمن کے اتحادیوں کا سا سلوک کیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ دفاع پاکستان کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کی سالمیت وخودمختاری کے تحفظ کے لیے اور پھر اسلام کے عادلانہ نظام کے نفاذ کے لئے دفاع پاکستان کونسل کو سنگ میل بنائے۔ یہ سب کی دعا بھی ہے۔ آرزو بھی اور اس کے لئے عملی تگ ودو نقطۂ آغاز بھی!

امتحان ہے، جذبوں کا، قیادت کے اخلاص اور جرأت ایمانی کا، اتحاد واعتماد کے عملی اور مسلسل مظاہرے کا، اور فیصلے کی گھڑی ہے۔ ملک کے مستقبل کے لئے، خطہ میں امن کی بحالی کے لئے، سامراج کے ساتھ اعلان جہاد کے لئے اور مسلمانوں کی ہرطرح کی غلامی سے آزاد ہو کر اللہ تعالیٰ کی غلامی کو عملی طور پر اختیار کرنے کے لئے ہمیں اللہ تعالیٰ امتحان میں کامیابی اور صحیح فیصلے کی توفیق سے نوازے کہ توفیق اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہی ہوتی ہے۔

---

(بقیہ صفحہ ۶۲ سے) (دارالعلوم کے شب وروز)

## دارالعلوم دیوبند (وقف) کے شیخ الحدیث حضرت مولانا خورشید عالم کا انتقال:

دارالعلوم دیوبند (وقف) کے شیخ الحدیث اور نامور عالم دین حضرت مولانا خورشید عالم صاحب کا انتقال ۷ فروری ۲۰۱۲ کو ہوا۔ آپ کی عمر ستر سال سے متجاوز تھی کے مولانا خورشید صاحب دارالعلوم دیوبند کے سینئر استاذ تھے۔ آپ آخری عمر تک دارالعلوم میں مدرس رہے۔ آپ بخاری شریف اور مسلم کی کتب پڑھایا کرتے تھے۔ اس کے علاوہ دارالعلوم وقف کے دارالافتاء کے سربراہ بھی تھے۔ آپ کا نماز جنازہ بعد از ظہر ۷ فروری کو قاسمی قبرستان میں پڑھایا گیا۔ دارالعلوم حقانیہ میں ان کے درجات کی بلندی کے لئے دعائے مغفرت کی گئی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے

## واشنگٹن پوسٹ کے نمائندہ کی دارالعلوم آمد:

۸ رفروری ۲۰۱۲ء کو امریکی مشہور اخبار واشنگٹن پوسٹ کے پاکستانی چینہ ، بیورو مسٹر رچرڈ ایل لائمیا اور ان کی میڈیا ٹیم نے دارالعلوم حقانیہ میں حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی رہائش گاہ پر ان سے ملکی اور بین الاقوامی صورتحال پر تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔

© rasailojaraid.com